Ref: GSPL/PR/25/25/22
Date: 25/06/2025

NTN: 4662393 | **STRN:** S4662393-2
GST: 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

پریس ریلیز

گروسیف کے تحت OULA کے دفاتر میں HSE سرویز، تربیتی سیشنز

دفاتر میں صحت، حفاظت و ماحولیات کے معیارات کو بہتر بنانےمیں مصروف گروسیف نے OULA کے ہیڈ آفس و کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں واقع ریجنل دفاتر میں خصوصی سرویز اور تربیتی سیشنز کے سلسلے کا انعقاد کیا۔

بین الاقوامی حلقوں سے وابستہ اور کاروباری و تشہیری تحقیق میں ماہر OULA کی قیادت سید نعمان عصر کے ہاتھوں میں ہے اور یوں یہ ادارہ اعداد و شمار کی بنیاد پر کی جانے والی فیصلہ سازی کے شعبے کو مستقل وسعت دے رہا ہے۔

OULA تشہیری تحقیق میں معروف ادارے Kantar سے بھی منسلک اورمقامی سطح پر اس کی بین الاقوامی طرز کی تحقیقی مصنوعات کو عام کرنے کا مجاز ہے۔

سیشنز کے دوران HSE سے متعلق ارگونامک تجزیہ، آگ کے حجم کا تعین، لگس لیول مانیٹرنگ، شور کے حجم کا جائزہ، ہاؤس کیپنگ آڈٹ اور برقی حفاظت کے انتظامات کی جانچ کی گئی۔

گروسیف نے کئی عملی سطح کے تربیتی پروگرامات کا انعقاد بھی کیا جس کا مقصد عملے کو ہنگامی حالات سے نمٹنے کا شعور فراہم کرنا تھا۔ ان میں آگ سے بچاؤ کی جدید معلومات، CPR، BLS اور AED کی تربیت اور ہنگامی انخلاء کا مظاہرہ شامل تھا۔

اس کے علاوہ PASS پروسیجر کا عملی انعقاد بھی کیا گیا، جس کے تحت شرکاء نے آگ بجھانے والے آلات کا کامیابی سے استعمال کیا۔

گروسیف اور OULA کے درمیان اشتراک دونوں اداروں کی اپنےعملے کی حفاظت اور پاکستان میں حفاظت کے متحرک نظام کی سوچ کا عکاس ہے۔

گروسیف، صحت، حفاظت و ماحولیات کے شعبے میں خاص پہچان کا حامل اور خطرات کی نشاندہی، حفاظتی اقدامات کی جانچ اور خصوصی تربیت جیسی خدمات فراہم کرتا ہے، اور مختلف شعبوں اور انواع کے اداروں سے اشتراک کا مقصد ان میں بین الاقوامی طرز کے حفاظتی اصولوں اور نظام کا قیام ہے۔

بشکریہ،

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED
MEDIA DEPARTMENT

حسان صدیقی
مینیجر، کارپوریٹ میڈیا

Grow Safe (Private) Limited
Together, we can grow safe